# ۲۰۔ ہماری اجتماعی زندگی

بتاؤ تو بھلا!






- اوپر دی ہوئی تصویروں میں تمھیں کیا فرق محسوس ہو رہا ہے؟
- تمھیں کس کا ساتھ پسند ہے؟
- یہ تم کیسے طے کرتے ہو کہ کون سا کھیل کھیلنا ہے؟

ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ رہنا پسند ہے۔ گھر میں ہم امّی اور ابّو کے ساتھ رہتے ہیں۔ ہمارے ساتھ ہمارے پڑوسی بھی رہتے ہیں۔ دوستوں، سہیلیوں سے ملے بغیر رہا نہیں جاتا۔ اتنا ہی نہیں، گھر کا پالتو جانور بھی نظر نہ آئے تو ہم اُداس ہو جاتے ہیں۔ انسانوں کو گروہ میں رہنا پسند ہے۔ اپنے خاندان میں، پڑوسیوں اور پاس پڑوس کے لوگوں کے ساتھ رہنے ہی کو اجتماعی زندگی کہتے ہیں۔



سائیکل سے گرے ہوئے لڑکے کی مدد کرتے ہوئے



لڑکے لڑکیاں ہاتھ میں ہاتھ ڈالے کھڑی ہیں



لڑکے لڑکیوں کے گروہ میں بولنے والی لڑکی

## ایک دوسرے پر منحصر اجتماعی زندگی

ہم سبھی کو اجتماعی زندگی کی ضرورت ہے۔ ہمارے آس پاس دوست سہیلیاں اور دیگر لوگ نہ ہوں گے تو ہم کس سے بات کریں گے؟ اپنی خوشی اور دُکھ درد کس کے ساتھ بانٹیں گے؟

ہمیں اجتماعی زندگی میں سب کا ساتھ ملتا ہے۔ لوگوں کی صحبت سے تحفّظ کا احساس ہوتا ہے۔ ہم ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں۔ ایک دوسرے کی مدد یعنی آپسی تعاون۔ اجتماعی طور پر رہنے کی وجہ سے ہمیں دوسروں کی مدد حاصل ہوتی ہے۔ آپسی تعاون اجتماعی زندگی کا سب سے بڑا فائدہ ہے۔ اس قسم کے تعاون کے لیے اصولوں کی ضرورت پیش آتی ہے۔




## آؤ دماغ پر زور دیں!

| | | | |
|---|---|---|---|
| اگر کسان نہ ہوتو.................. | اسکول نہ ہوتو.................... | دواخانہ نہ ہوتو.................... | کچرے کے ڈھیر پڑے رہیں تو ........................... |

اپنی روزمرہ ضرورتیں اجتماعی زندگی کی وجہ سے پوری ہوتی ہیں۔ تعلیم، صحت سے متعلق سہولتیں اجتماعی طور پر مہیا کی جاسکتی ہیں۔ ضرورتیں پوری کرنے کے لیے چیزیں بنانی پڑتی ہیں۔ اسے ہم چیزوں کی پیداوار کہتے ہیں اور ان چیزوں کو ہم تک پہنچانے کا عمل خدمت کہلاتا ہے۔ ضروریات کی تکمیل کے لیے پیداوار اور خدمات دونوں ضروری ہیں۔ یہ کئی لوگوں کے تعاون سے حاصل ہوتا ہے۔ کوئی ایک شخص تمام چیزیں پیدا نہیں کرسکتا اور نہ ہی ہر قسم کی خدمات مہیا کرسکتا ہے۔ اپنی اجتماعی زندگی ایک دوسرے پر منحصر ہوتی ہے۔

## اجتماعی زندگی کے اصول

اجتماعی زندگی بہتر طور پر گزارنے کے لیے اصولوں کی ضرورت ہے۔ ہمارے آپسی معاملات صحیح طور پر انجام پائیں اس کے لیے چند پابندیاں بھی ضروری ہیں۔ یہ پابندیاں اصول کہلاتی ہیں۔ اصولوں کی وجہ سے اپنی اجتماعی زندگی نظم وضبط کی پابند بنتی ہے۔



کھو کھو کھیلتی لڑکیاں



## بتاؤ تو بھلا!

- کھیلوں کے لیے اصول کیوں ہوتے ہیں؟
- اصولوں کے مطابق کھیلنے کے کیا فائدے ہیں؟
- گروہی کھیلوں میں سب سے زیادہ اہم کیا ہے؟

کوئی بھی کھیل کھیلنے سے پہلے اس کے اصولوں کو سمجھ لینا ضروری ہے۔ کھیل کے اصول سبھی کے لیے یکساں ہوا کرتے ہیں۔ سب ہی کھلاڑیوں کو اصولوں کی پابندی کرنا لازمی ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ اچھی طرح کھیل پاتے ہیں۔ اسی طرح اپنی اجتماعی زندگی کو بہتر طور پر گزارنے کے لیے اصولوں کی پابندی کرنا ضروری ہے۔

اپنی زندگی میں کھیلوں کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ کھیلوں کے سبب باہمی تعاون اور اتّحاد کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ کھیل میں ہار جیت سے زیادہ شرکت، لگن اور جوش کو اہمیت ہوتی ہے۔ کھیل ہمیں صحت مند رہنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

نیچے دیے ہوئے بیانات میں سے اجتماعی زندگی کے اہم اصول تلاش کرو۔ ان کے سامنے دیے ہوئے چوکون میں صحیح اصول کے لیے ✓ نشان بناؤ۔

- قطار توڑ کر بس میں چڑھیں۔
- سفید دھاریوں (زیبرا کراسنگ) پر سے راستہ پار کریں۔
- زخمی ہونے پر فوراً ابتدائی طبّی مرکز جائیں۔
- ٹپکتے ہوئے نل کے بارے میں گرام پنچایت یا مقامی حکومت کے ذمہ داروں کو اطلاع دیں۔
- ٹکٹ لیے بغیر سفر نہ کریں۔



## کیا کریں گے بھلا؟


اصولوں کو اپنانے سے لڑائی جھگڑے کم ہوتے ہیں۔ بھید بھاؤ میں کمی ہوتی ہے۔ تمھاری کیا رائے ہے؟



## اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

''ایک دوسرے کی مدد کریں،
سب اختیار کریں اچھا راستہ۔''

– سنت تکارام



## ہم نے کیا سیکھا؟

- انسانوں کو گروہ میں رہنا پسند ہے۔
- آپسی تعاون اجتماعی زندگی کا سب سے بڑا فائدہ ہے۔
- اپنی روزمرہ کی ضرورتیں اجتماعی زندگی کی وجہ سے پوری ہوتی ہیں۔
- اجتماعی زندگی بہتر بنانے کے لیے اصولوں کی ضرورت ہے۔
- کھیلوں کے سبب باہمی تعاون اور اتحاد کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ کھیل ہمیں صحت مند رہنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔



## مشق

### ۱۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھو :

(۱) گھر میں تم کس کے ساتھ رہتے ہو؟

(۲) ہم اپنے آپ کو کب محفوظ محسوس کرتے ہیں؟

(۳) ہمیں اصولوں کی پابندی کیوں کرنا چاہیے؟

### ۲۔ خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو :

(۱) انسانوں کو .................. رہنا پسند ہے۔

(۲) ہمیں اجتماعی زندگی میں .................. ملتا ہے۔

(۳) اپنی اجتماعی زندگی .................. پر منحصر ہوتی ہے۔

### ۳۔ مناسب جوڑیاں لگاؤ:

| گروہ 'الف' | | گروہ 'ب' | |
|---|---|---|---|
| (الف) | ایک دوسرے کی مدد کرنا | (۱) | اصول ضروری ہیں۔ |
| (ب) | اجتماعی زندگی بہتر طور پر گزارنے کے لیے | (۲) | یعنی باہمی تعاون۔ |
| (ج) | کھیل کے اصول سب کے لیے | (۳) | اصول کہلاتے ہیں۔ |
| | | (۴) | یکساں ہوتے ہیں۔ |

### سرگرمی

(۱) کرکٹ کے اصولوں کی فہرست بناؤ۔

(۲) راستے کے اصولوں کی فہرست تیار کرو۔

(۳) اسکول میں تمھیں چند اصولوں کی پابندی کرنا پڑتی ہے۔اسی طرح گھر میں تم کن اصولوں کی پابندی کرتے ہو۔ اس کے بارے میں پانچ جملے لکھو۔

* * *

JKHCLN